efu LIFE

EFU Life Anmol Sehat



# آپ کی زندگی، ہماری ترجیح

ہر اہم ضرورت میں ایکسیڈنٹل انشورنس رہے آپ کے پاس!

## اِی ایف یولائف انمول صحت

آپ کی زندگی، ہماری ترجیح

ہر اہم ضرورت میں ایکسیڈنٹل انشورنس رہے آپ کے پاس!

## گروپ ایکسیڈنٹل انشورنس

اِی ایف یولائف پیش کرتا ہے انمول صحت، ایک ایسی ایکسیڈنٹل انشورنس اسکیم جو خاص طور پر آپ کو ایسے غیر متوقع حالات سے جو موت یا معذوری کا سبب بنیں، بچانے کا ایک آسان اور استطاعت کے مطابق طریقہ کار فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ اِی ایف یولائف انمول صحت ایک والنٹری کوَر ہے جو اِی ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ کی بیمہ کردہ ہے اور 24 گھنٹے کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ یہ پروڈکٹ اِی ایف یو کی پیش کردہ ہے۔ یہ آفر جے ایس ایلیٹ اور جے ایس ایلیٹ پلس کے صارفین کے لیے ہے۔

## اِی ایف یولائف انمول صحت کے فوائد

اگر آپ کو کسی معذوری یا حادثاتی موت کی وجہ سے غیر متوقع حالات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو تو ایسی صورتحال میں اِی ایف یولائف انمول صحت آپ کی خوشیوں کی خاموشی سے حفاظت کرتے ہوئے آپ کو اعتماد کے ساتھ اپنی زندگی سے لطف اندوز ہونے کا حوصلہ فراہم کرتا ہے۔

زندگی کے بنیادی اخراجات کو پورا کرنے کے لیے اِی ایف یولائف انمول صحت آپ کو حقدار بناتا ہے:

- **ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفیٹ:** حادثے کی وجہ سے موت واقع ہو جانے کی صورت میں منتخب کردہ بینیفشری کو درج ذیل کیٹیگریز کے مطابق رقم کی ادائیگی کی جائے گی:
  - کیٹیگری ا: 3,000,000 روپے
  - کیٹیگری ب: 1,000,000 روپے

- **مستقل مکمل ڈِس ایبلیٹی بینیفٹ:** اگر بیمہ دار ممبر حادثاتی وجوہات کی وجہ سے مستقل یا مکمل طور پر معذور ہو جاتا ہے تو اِی ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ درج ذیل کیٹیگریز کے مطابق سَم اشورڈ کی ادائیگی کرے گا:
  - کیٹیگری ا : 3,000,000 روپے
  - کیٹیگری ب 1,000,000 روپے

## اِی ایف یولائف انمول صحت کے لیے پریمیم کی ادائیگی:

اس انشورنس کوریج کو حاصل کرنے کے لیے آپ کو درج ذیل کیٹیگریز کے مطابق حادثاتی انشورنس کور کے لیے ماہانہ پریمیم کی ادائیگی کرنی ہوگی:

- کیٹیگری ا : 600 روپے
- کیٹیگری ب: 200 روپے

## اشورنس کوریج کی مدت

یہ اسکیم مکمل ایک ماہ تک اور اس کے بعد قابلِ تجدید ماہانہ کے لیے زندگی کا تحفظ فراہم کرے گی۔

## فِری لُک پیریڈ

اس کا دورانیہ 15 دنوں پر مشتمل ہے جس کا آغاز ممبرشِپ کے دستاویزات جاری ہونے کے بعد سے ہوگا، صارف اُس میں موجود شرائط وضوابط کا بغور جائزہ لے سکتا ہے۔ اگر صارف فِری لُک پیریڈ کے 15 دنوں پر مشتمل دورانیے کے دوران ممبرشِپ منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو اُسے کنٹریبیوشن کے مکمل رِی فنڈ کی ادائیگی کی جائے گی۔

## اندراج، معیارِ اہلیت اور شرائط وضوابط

- اِی ایف یو لائف انمول صحت کے اندراج کے لیے آپ کو اپنے نمائندہ ریلیشن شِپ منیجر سے رابطہ کرنا ہوگا یا آپ یو اے این نمبر 0800-011-22 پر رابطہ کرکے اندراج کی مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- اِی ایف یو لائف انمول صحت 18 سے 59 سال کے درمیان کسی بھی عمر کے فرد کے لیے دستیاب ہے۔ تاہم، واجب الادا پریمیمز کی باقاعدہ ادائیگی پر ایک بار اندراج ہونے کے بعد یہ کوریج 60 سال کی عمر تک
- جاری رہے گی۔
- مشترکہ اکاؤنٹس ہونے کی صورت میں صرف پرنسپل اکاؤنٹ ہولڈر ہی اس پلان کا مستحق ہوگا۔

## استثنٰی/اخراجِ عمل

اگر بیمہ دار ممبر کی موت/معذوری کی وجہ بالواسطہ یا بلاواسطہ مکمل یا جُزوی طور پر درج ذیل میں سے ہوتی ہے تو کوئی بینیفٹ ادا نہیں کیا جائے گا:

- خودکشی کرنا۔
- ارادتاً خود کو زخمی کرنا۔
- طِبّی مشورہ لینے یا اس پر عمل کرنے میں ناکام ہونا، منشیات یا الکوحل/شراب کا استعمال کرنا۔
- ہیٹ اسٹروک یا سَن اسٹروک، زہر، گیس یا دھوئیں کا سبب ہونا۔
- موجودہ انشورنس سے قبل بیماری، معذوری یا جسمانی چوٹ کا ہونا۔
- کسی بھی قسم کے جوہری توانائی کے دھماکے ہونا، جو بھی ہو۔
- جنگ، حملہ، بیرونی دشمن کی کارروائی، مخالفت (خواہ جنگ کا اعلان ہوا یا نہیں) مسلح، غیر مسلح جنگ، خانہ جنگی، بغاوت، فساد، انقلاب، فوجی یا جبری طور پر طاقت کے ذریعے بغاوت، فساد یا اندرونی انتشار، غیر قانونی تنظیم یا صنعتی تنازع کا پیدا ہونا۔
- کسی خطرناک کھیل میں حصہ لینا یا اس کی مشق کرنا، جس میں شُوٹنگ کے بڑے کھیل، ہینگ گلائڈنگ، ہوٹ ایئر بلوننگ، پیراسینڈنگ، اسٹیپل چیسنگ، پولو، ہارس ریسنگ، اَنڈر واٹر ڈائیونگ، اَنڈر واٹر ڈائیونگ، پاور بوٹ ریسنگ، کوہ پیمائی، راک کلائمبنگ، غار اور کوہ اندوزی (کیونگ، پوتھولنگ) اور ہر قسم کی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے کھیل بشمول ٹائم ٹرائلز اور ہل کلائمبز شامل ہیں۔

- مسلح اور نیم فوجی دستوں کے ساتھ خدمات انجام دیتے وقت یا کسی بھی قسم کی پولیس ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے مشقوں یا کارروائیوں میں حصہ لینا۔
- باقاعدہ طے شدہ پرواز میں کسی لائسنس یافتہ کمرشل ایئر لائن میں کرایہ ادا کرنے والے مسافر کی حیثیت کے بجائے کسی بھی طیارے یا ہوائی جہاز میں داخل ہونا، خدمات انجام دینا، آپریٹنگ کرنا یا آمدورفت رکھنا۔
- حمل، اسقاطِ حمل، ولادت یا کسی بھی مہلک بیماری کا ظاہر ہونا جس کا تعلق خواتین کے تولیدی اعضاء سے ہو
- دماغی یا نفسیاتی بیماری جس کی وجہ کوئی جسمانی مرض نہ ہو۔
- قدرتی آفات مثلاً سیلاب، وبائی امراض وغیرہ جس کے نتیجے میں 250 یا اس سے زائد افراد کی موت واقع ہوئی ہو۔
- ہیومن امیونو ڈیفیشنسی وائرس (ایچ آئی وی)۔

## انتباہ

اِی ایف یو لائف انمول صحت، ای ایف یو لائف کی بیمہ کردہ، جاری کردہ اور شرائط و ضوابط کے مطابق ایک انشورنس پروڈکٹ ہے، اس انشورنس کمپنی کا صدر دفتر ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، فیز 1، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں موجود ہے۔

اِی ایف یو لائف انمول صحت جے ایس بینک لمیٹڈ کی پروڈکٹ نہیں ہے۔ جے ایس بینک لمیٹڈ صرف اِی ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی جانب سے اِی ایف یو لائف انمول صحت کے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی جانب سے آپ کی درخواست یا دعویٰ/ کلیم مسترد ہو جانے کی صورت میں جے ایس بینک لمیٹڈ کو کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور نہ ہی وہ اس حوالے سے کوئی تفتیش کرے گا یا دعوے سے متعلق اپنی کسی بھی قسم کی رائے کا اظہار کرے گا۔

سروس چارجز اور ٹیکسز کا اطلاق بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' کے مطابق ہوگا اور ٹیکس لگانے کے قوانین متعلقہ حکام کی جانب سے لاگو ہوں گے۔

یہ بروشر پروڈکٹ کی عمومی وضاحت فراہم کرتا ہے۔ اصل کوریج پالیسی دستاویز کی شرائط و ضوابط کے مطابق ہوگی۔*

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
Plot No. 112, 8th East Street Phase 1, DHA Karachi.
Tel:(021) 111-EFU-111 (111-338-111) Fax:(021) 34537519
Website: www.efulife.com